بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86- مزنگ روڈ لاہور

مراسلہ نمبر 182 رجسٹریشن   مورخہ 03 اکتوبر 2023

﴿ترمیم شدہ نوٹیفکیشن﴾

(برائے پرائیویٹ امیدواران)

عنوان:- آن لائن رجسٹریشن شیڈول برائے پرائیویٹ امیدواران جماعت گیارھویں (Class-xi) تعلیمی سیشن 2023-2025

تمام پرائیویٹ امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جماعت گیارھویں (Class - xi) تعلیمی سیشن 2023 - 2025 کی آن لائن رجسٹریشن کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ -/1000 روپے، پروسیسنگ فیس مبلغ -/530 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/130 روپے فی امیدوار مقرر کی گئی ہے

سیریل نمبر	شیڈول	پرائیویٹ امیدواران آن لائن رجسٹریشن فارم ہر لحاظ سے مکمل کرنے کے بعد ہارڈ کاپی ڈاؤن لوڈ کر کے فیس اور فارم جمع کروانے کے لئے HBL کی کسی بھی برانچ سے رجوع کریں بینک فیس اور فارم جمع کرنے کے بعد اس کی رسید امیدواران کو مہیا کرے گا۔ رجسٹریشن فارم بینک خود بورڈ کو ارسال کرنے کا پابند ہوگا۔
(i)	سنگل رجسٹریشن فیس مبلغ -/1660 روپے کے ساتھ رجسٹریشن برائے جماعت گیارھویں (Class-xi) فی امیدوار جمع کروانے کی آخری تاریخ	12 اگست 2023 تا 25 اکتوبر 2023
(ii)	ڈبل فیس مبلغ -/2660 روپے کے ساتھ رجسٹریشن برائے جماعت گیارھویں (Class- xi) فی امیدوار جمع کروانے کی آخری تاریخ	ایسے امیدواران جن کے رجسٹریشن فارم مقرر کردہ درج بالا شیڈول تک وصول نہ ہوئے نہ آن لائن ہو سکے تو ان امیدواران کے رجسٹریشن فارم امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق تین گنا فیس (Tripple Fee) کی آخری تاریخ تک ڈبل فیس کے ساتھ وصول کئے جائینگے۔

﴿ضروری نوٹ﴾:- **ناظرہ قرآن حکیم بمعہ ترجمہ تمام امیدواران کے لئے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا جس کا با قاعدہ امتحان لیا جائے گا۔**

﴿ہدایات﴾

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی پرائیویٹ امیدوار کو رجسٹریشن کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن فارم کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول کے اندر H B L بینک میں جمع کروانا لازمی ہیں۔ آن لائن پرائیویٹ رجسٹریشن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے۔ دیگر بورڈز سے مائیگریشن کروا کر آنیوالے پرائیویٹ امیدواران مینوئل رجسٹریشن ریٹرن جمع کرائیں گے۔ امیدوار اپنے کوائف کا اندراج بمطابق میٹرک رزلٹ کارڈ کریں۔ مزید معلومات اور راہنمائی کے لئے بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) یا رجسٹریشن برانچ سے رابطہ کریں۔ نیز کسی بھی پرائیویٹ امیدوار کو پریکٹیکل والے مضمون کے ساتھ رجسٹریشن کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

ڈاکٹر بشریٰ بی بی

سیکرٹری